

مجربات عثمانی

یعنی

عملیات مجربہ مین نہایت مفید و لاجواب سلیس

اردو زبان مین شائقین کے لئے ایک دلچسپ ذخیرہ

مولفہ

مولوی محمد عبدالہادی الانصاری فرنگی محلی

برادرزادۂ حضرت مولوی محمد نورالحسنین صاحب

طبع ششم مطبع رحیمی واقع چھتہ بازار دہلی

اس کتاب کی اور دوسرے کتب حدیث کی اجازت فقیر کو کئی طریق سے حاصل ہوی اول
یہ کہ فقیر کو جناب بھائی صاحب مولانا محمد ابراہیم صاحب مہاجر حرمین شریفین سے اجازت
دی اونکو حضرت والد ماجد قدس سرہ نے اجازت عطا فرمائی اونکو اونکے والد ماجد مولانا محمد معین صاحب
نے اجازت مرحمت فرمائی اور اونکو اون کے بڑے بھائی ملک العلما، مولانا محمد حیدر رح نے
اجازت دی جیسا کہ سند محررہ حضرت ملک العلما علیہ الرحمۃ سے واضح ہے وہو ہذا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم
الحمد للہ الذی جعل علم احادیث سید المرسلین حصنا حصینا من الشیاطین
والملحدین وناصرا ومعینا لاتباع اثار شفیع المذنبین علیہ وآلہ صلوات اللہ
وسلامہ الی یوم الدین وبعد فیقول العبد المذنب الراجی الی رحمۃ اللہ الاکبر الغنی
خادم علماء الدین البنوی محمد حیدر بن مولانا محمد معین اللکنوی عفا اللہ عنہما
بلطفہ الخفی انہ یشرف بزیارۃ الحرمین الشریفین زادہما اللہ تشریفا وفازبالحج الاکبر
وزیارۃ افضل الرسل سید البشر صلوات اللہ وسلامہ علیہ وآلہ واصحابہ المباہین
الغرر فی سنۃ احدی واربعین فاقتبس بانوار علمائہما الاعلام واخذ منہم سند
احادیث سید الانام علیہ وآلہ الصلوۃ والسلام فلازم صحبتہم وحضر
خدمتہم وقراء علی بعضہم وسمع من بعضہم واذن البعض الاجازۃ بالروایۃ
فمن سمع عنہم افضلہم علماء واکملہم عملاء افخرہم نسبا السید الجلیل والسند الاثیل
سیدنا یوسف بن محمد ابطاح الاهدل الزبیدی مولدا والمکی وطنا والشافعی مذہبا
حیث سمع من جنابہ صحیح المسلم ویقرأ بعد العصر الی المغرب جالسا فی المسجد الحرام
محاذیا بالجدار الغربی لبیت اللہ وانا اسمع منہ فی جماعۃ ولازمت علی نفسی
النظر الی البیت المعظم بعد سمع کل حدیث وسندہ مضمونۃ فی نبذہ ومن
قراء علیہم افقہہم الشیخ الاجل والحبر الاکمل عبد اللہ الحرام شیخنا عبد الحفیظ
العجمی فقرات علیہ الصحیح البخاری من اول الکتاب الی باب التہجد ویحسن بہ

رسالہ

مجربات عثمانی

۱۳۱۷ھ

جو

عملیات مجربہ مین نہایت مفید ولاجواب سلیس اور عام فہم

اُردو زبان مین شایقین کے لئے ایک دلچسپ ذخیرہ۔

مولفہ

مولوی محمد عبدالہادی الانصاری القادری غفرلہ الباری۔

مطبع انصاری حیدرآباد دکن مین طبع ہوئی۔

قیمت ۶/

قیمت ۶/



الحمد لله الذی علم القران خلق الانسان علمه البیان وفضل
نبیه علی الرسل بتنزیل الفرقان وکرم امته علی سائر الامم
بتلاوة القرآن والصلوٰة والسلام علی سیدنا محمد والہ وصحبه اولی
الرفعة والشان - اما بعد - خاکپاے عرفا، ابرار وخادم علماء اخیار محمد
عبدالہادی الانصاری حنفی قادری نور الله قلبه بنور الصدق
والیقین - عارض مدعا و مصدع ناظرین باصفا ہے کہ بعد وفات ذات برکات
مقدام الاولیا، تاج الاصفیا حضرت اخینا الاعظم واستادنا الافخم مولانا الحاج
المولوی محمد ابراہیم مہاجر حرمین شریفین قدس سره وافاض علینا
من برکاته وبرکات مشایخه الکاملین - فقیر کو خیال ہوا کہ ایک رسالہ لکھے کہ جسمین
صحت کے ساتھ عملیات اور شرح وبسط کے ساتھ پڑھنے کی ترکیب ہو
تاکہ شایقین فائدہ تام پائین اوس سے نفع خاص وعام اوٹھائین چنانچہ فقیر نے
نہایت جستجو سے ان اعمال کو کتب معتبرہ واقوال صحیحہ سے اکھٹا کیا اور اسکا نام
تاریخی مجربات عثمانی رکھدیا صحت ونظر ثانی مین اہتمام کیا امید کہ عاملین
پ ۱۳۱۷ھ

باعمین اور ناظرین ہنر مین اگر کسی جا سہو یا خطا پائین بمقتضائے اَلْاِنْسَانُ مُسَادِقٌ لِلنِّسْیَانُ اُس ہیچمدان کو طعن و طنز سے معاف فرمائین اور اگر فائدہ اوٹھائین تو فقیر و احباب فقیر کے واسطے اوقات متبرکہ مین بعد عمل ان اعمال کے دعاے مغفرت فرمائین تاکہ فقیر مذنب و احباب فقیر مغفور ہون اور دعا کنندہ ماجور رہون -

مقدمہ قواعد عامہ مین

قاعدہ - اکل حلال و صدق مقال اور وقت پڑہنے کے رجوع قلب کرے اور وساوس شیطانی اور خیالات لایعنی کو دل سے دور کرے اور ابتدا سے انتہا تک اپنے مطلب کو دہیان رکھے ان امورات کو قبولیت اور اعمال مین بڑی تاثیر ہے اگر ایسا نکریگا تو کچھہ بھی فائدہ نہ ہوگا بقول حضرت مولانا روم علیہ الرحمۃ کے ؎ بر زبان تسبیح و در دل گاؤ خر ؛ ایں چنین تسبیح کے دارد اثر +

قاعدہ - جو عمل اور وظیفہ ایام معدودہ تک واسطے کسی مطلب کے پڑہے ترک حیوانات وغیرہ ضرور کرے ان کے ترک سے امید قوی اجابت ہے اور کھانے سے تاثیر اور ادمین نقصان و قباحت ہے -

قاعدہ - بعض کتب مین لکھا ہے کہ عملیات کے پڑہنے مین تقرر وقت ضرور ہے - مثلاً اگر کوئی شخص کسی عمل کو قسم جلالی و جمالی سے پہلے روز جو وقت شروع کرے تا اختتام ختم اوسوقت کا التزام رکھے اختلاف زمان سے سراسر نقصان ہے -

قاعدہ - تعین مکان بھی اوسمین بہت ضرور ہے اختلاف مکان بلا عذر ہرگز جائز نہین ایک ہی مصلے پر پڑہا کرے جہان پہلے روز اتفاق ہو -

قاعدہ - شروع کرنا عمل کا عروج ماہ مین بہتر ہے زوال ماہ سے -

قاعدہ - جب عمل پڑہنے کو بیٹھے تو الحمد اور آیۃ الکرسی اور چار قل کو تین تین بار

پڑہکر اپنے ہاتھون کی انگلیون پر دم کرکے اپنے گرد حصار باندہکر بیٹھے۔
قاعدہ - جب کسی عمل کی زکوٰۃ دیگے تو چاہیئے کہ ہر روز سات بار یا بارہ مرتبہ یا اس سے زیادہ اوسکو بلاناغہ پڑہلیا کرے۔
قاعدہ - اعمال مین اجازت صاحب عمل ضروری ہے ورنہ اوس کے کرنے مین نقصان اور فتور ہے لہذا فقیر غفر اللہ ذنوبہ وستر عیوبہ نے اعمال مندرجۂ رسالہ ہذا کے اور اون اعمال کی جو پیران طریقت علیہم الرحمۃ سے فقیر کو پہونچے ہین اپنے تمامی عزاد احباب واولاد واحفاد کو اکابرین طریقت کے ہمت وبھروسہ پر اجازت دی **تنبیہ** - اور نقوش وغیرہ بھرنیکی قواعد کتب معتبرہ مین مذکور ہین جسکو ضرورت ہو دیکھے بوجہ طوالت اس رسالہ مین درج نہین کیے گئے۔

مقصد پہلا ختم کلام اللہ وفوائد بسملہ مین۔

تنبیہ - جاننا چاہیئے رجب ختم کلام اللہ کا ارادہ کرے تو بدن کو غسل یا وضو سے نجاست ظاہریہ سے اور باطن کو وساوس باطنیہ سے پاک کرکے پاک و صاف مکان مین قبلہ رو ہوکر تصور کرے کہ مین مالک حقیقی سے ہمکلام ہوتا ہون اور تلاوت شروع کرنے کے پہلے خوشبو لگائے اور عمدہ پاک کپڑے پہنکر خوشبو لگاکر کلام اللہ پڑہنا شروع کرے اوسکے پڑہنے کے چند طریقہ ہین کہ وہ قضاء حاجت کیواسطے اکسیر کا حکم رکھتے ہین اور وہ یہ ہین۔
طریق ختم ہفت روزہ - اس ختم کو شب جمعہ یا روز جمعہ سے شروع کرے بروز جمعہ سورۂ فاتحہ سے آخر مائدہ تک پڑہے **بروز شنبہ** انعام سے آخر ہود تک **بروز یکشنبہ** سورۂ یوسف سے آخر مریم تک **بروز دوشنبہ** طٰہٰ سے آخر طس نمل تک **بروز سہ شنبہ** قصص سے آخر ص تک۔ **بروز**

چہارشنبہ زمر سے آخر رحمن تک بروز پنجشنبہ واقعہ سے آخر قرآن تک
پڑہے چالیس ختم نہ ہونے پاوین گے کہ حاجت پوری ہوگی۔
طریق دیگر ختم سہ روزہ۔ منزل اول فاتحہ سے یونس تک **منزل**
دوم یونس سے لقمان تک **منزل سوم** لقمان سے آخر قرآن تک پڑہے
انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔ **طریق ختم یک روزہ** بعد نماز عشا کے
پڑہے بعد اوسکے نماز تہجد کی پڑہکر دعاے طلب حاجت کرے انشاء اللہ
العزیز مطلب حاصل ہوگا۔
فائدہ۔ اگر مصروع یا مجنون کے کان مین اکتالیس ۴۱ مرتبہ صدق دل سے
بسم اللہ پڑہے مرض فورًا دفع ہوجائیگا۔ **فائدہ**۔ اگر کوئی درد کی جگہ سو مرتبہ
بسم اللہ الرحمن الرحیم سات دن تک پڑہکر دم کریگا یا مسحور پر دم کریگا اللہ تعالے
اوسکو تخفیف مرحمت فرمائیگا۔ **فائدہ**۔ جو شخص بسم اللہ الرحمن الرحیم کو
یکشنبہ سے چالیس روز تک طلوع آفتاب کے وقت قبلہ کی طرف رخ کرکے
اول و آخر درود شریف سو سو مرتبہ اور آیۂ پاک کو بعد مرسلین تین سو تیرہ
مرتبہ ہمیشہ پڑہتا رہیگا اللہ تعالے اوسکو اپنے فضل وکرم سے بلا حساب رزق
عطا فرمائیگا۔ **فائدہ**۔ جو شخص چالیس دن تک بسم اللہ الرحمن الرحیم
کو بحساب اعداد ابجد سات سو ستاسی ۷۸۷ مرتبہ نیت خالص سے پڑہے گا وہ
ظالم و حاسد کے شر سے امن مین رہے گا۔ **فائدہ** جو مرید چالیس روز تک
آیۂ پاک بسم اللہ کو بوقت صباح دو ہزار پانچسو مرتبہ باعتقاد صحیح پڑہیگا اللہ تعالے
اوسکے قلب کو علوم لدنیہ و فتوح غیبی سے منور فرمائیگا۔ اسیطرح جو شخص تسخیر
کے واسطے ہمیشہ پڑہتا رہے گا اللہ تعالے اوسکے واسطے قلوب اولاد آدم
وحوا کو مسخر فرماویگا اور جو اسکو ہمیشہ ہزار مرتبہ پڑہتا رہے گا اللہ تعالے اوسکے

مشکلات کو آسان فرمائے گا - **فائدہ** - اگر محب اپنے محبوب کو ہر روز بلاناغہ صبح و شام سات روز تک آیہ پاک کو ہزار مرتبہ پڑھکر بارش کے پانی پر دم کرکے پلاویگا حق تعالے محبت و الفت مابین بڑہا دیگا اور اگر کسی غیبی کو پلایا جائیگا وہ ذہین ہوجائیگا جو کچھ پڑہے گا یاد رکھے گا اور اگر محبوس یا مکروب پر پڑہا جائیگا قید و مصائب سے نجات پائیگا - **فائدہ** - حضرت امام غزالی علیہ الرحمۃ فرماتے ہین کہ جو شخص بسم اللہ الرحمن الرحیم کو ہر روز بارہ ہزار مرتبہ پڑہے ہر ہزار کے بعد دوگانہ ادا کرے سب چھ دوگانہ ہوے جب تعداد مذکور ختم ہوجاے تو اللہ تعالے سے اپنی حاجت طلب کرے خدا ے عزوجل اسکے مقاصد کو پورا فرمادیگا - اتفاقاً اگر ایک روز مین حاجت نہ پوری ہو تو چالیس روز تک پڑہتا رہے انشاء اللہ تعالے یقینی کامیابی حاصل ہوگی واللہ اعلم بالصواب

مقصد دوسرا سورہ فاتحہ کے فوائد مین

فائدہ - جو شخص مہینے کے پہلے اتوار سے سورہ فاتحہ کو اسطرح سے پڑہتا رہے کہ بروز یکشنبہ - بروز دوشنبہ - بروز سہ شنبہ - بروز چہارشنبہ بروز پنجشنبہ - بروز جمعہ - بروز شنبہ - پڑہے اللہ تعالے اوسکے رزق مین کشادگی عطا فرمائیگا - **فائدہ** - حضرت شیخ محی الدین بن عربی سے مروی ہے کہ اگر کسیکو کوئی حاجت سخت پیش آئے تو اوسکو چاہیے کہ نماز مغرب کے بعد سنتین و نوافل سے فراغت حاصل کرکے اوسی مقام پر سورہ فاتحہ چالیس مرتبہ پڑہکر یہ دعا پڑہے - اَلٰہِی عِلْمُکَ کَافٍ عَنِ السُّوَالِ اِکْفِنِی بِحَقِّ الْفَاتِحَۃِ سُؤْلِی وَکَرَمُکَ کَافٍ عَنِ الْمَقَالِ اَکْرِمْنِی بِحَقِّ الْفَاتِحَۃِ مَقَالِی وَحَصِّلْ مَا فِی ضَمِیْرِی من بعد اپنی حاجت باری تعالے

سے طلب کرے اللہ تعالے اوسکی دعا قبول فرمائیگا۔ حضرت شیخ قدس سرہ فرماتے ہین کہ مین نے اسکو بارہا آزمایا نافع و مجرب پایا۔ **فائدہ**۔ اگر کوئی شخص آنکھ کے درد مین مبتلا ہوا وسکو چاہیئے کہ فرض و سنت فجر کے درمیان سورۂ پاک کو اکتالیس مرتبہ پڑہ کر آنکھہ پر دم کرے خدا کی فضل و کرم سے درد چشم سے نجات دیگا۔ اور اگر کسی دوسرے مقام پر درد ہو تو درد کے مقام پر ہاتھ رکھکر سات مرتبہ سورۂ پاک کو پڑہے پھر بعد وہ مذکور۔ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّیْ سُوْءَ مَا اَجِدُ وَ فُحْشَہٗ بِقُوَّۃِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ الْمُبَارَکِ الْمُبَارَکِیْنِ اٰمِیْنَ عِنْدَکَ پڑہکر دم کرے شافی مطلق شفا مرحمت فرماویگا۔ **فائدہ** جو سورۂ پاک کو اکیسوا اکیس مرتبہ پڑہے گا قید سے نجات پاویگا۔ **فائدہ** بعض علما فرماتے ہین کہ جو شخص اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ کو صبح کے وقت پڑہنے کی مداومت کریگا اللہ تعالے اوسکے رزق مین کشادگی عطا فرمائیگا اور اوسکے جمیع مہمات کو بلا کسی رنج و مشقت کے اس سورۂ پاک کی برکت سے آسان فرماویگا۔ **فائدہ**۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ جو شخص یکشنبہ سے خالی مکان مین باطہارت خوشبو لگا کر عطریات کپڑون مین ملکر دو رکعتین نفل کی پڑہے پھر استغفار ستر مرتبہ اور درود ستر بار پھر سورۂ فاتحہ اس ترتیب سے کہ

بروز یکشنبہ۔ الحمد للہ رب العالمین ۶۱۶ بار

بروز دوشنبہ۔ الرحمن الرحیم ۶۱۹ بار

بروز سہ شنبہ۔ مالک یوم الدین ۲۴۲ بار

بروز چہارشنبہ۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین۔ ۸۵۶ بار

بروز پنجشنبہ۔ اہدنا الصراط المستقیم۔ ۱۰۷۳

بروز جمعہ۔ صراط الذین انعمت علیہم ۱۸۲۷ بار

بروز شنبہ۔ غیر المغضوب علیہم و لا الضالین۔ ۴۲۳۳

پڑھے اللہ تعالے اوسکے دینی و دنیا دی مشکلات آسان فرماویگا اور بنی آدم اور بنات حوا کے قلوب مسخر فرماویگا اوسپر فتوحات کے دروازہ کھولدئے جائین گے اور توانگری دیجائیگی۔ **فائدہ**۔ سورہ فاتحہ کو پاک برتن مین اسطرحسے لکھکر مریض کو پلاوے اور اوس پانی کو تمام جسم پر ملے اور جس مقام پر درد ہو اوس جگہ وہ پانی تین مرتبہ لگاوے اور پانی پلاتے اور لگانے کے وقت اَللّٰھُمَّ اشْفِ فَاَنْتَ الشَّافِیْ اَللّٰھُمَّ اکْفِ فَاَنْتَ الْکَافِیْ اَللّٰھُمَّ عَافِ فَاَنْتَ الْمُعَافِیْ۔ پڑھے اگر موت نہین آئی ہے تو اللہ تعالے شفاے کلی مرحمت فرماوے گا اور اگر مرض الموت مین مبتلا ہوگا تو تخفیف ضرور ہوجائیگی۔

وہو ہذہ

الحمد[1] للہ	رب[2] العالمین	الرحمن[3] الرحیم	مالک یوم[4] الدین
ایاک[5] نعبد	وایاک نستعین[6]	اہدنا[7] الصراط	المستقیم[8]
صراط الذین[9]	انعمت علیہم[10]	غیر المغضوب[11]	علیہم[12]
ولا[13] الضالین	آمین[14]	بسم اللہ[15]	الرحمن الرحیم[16]

فائدہ۔ جو شخص زوجین کے درمیان صلح کرانیکا ارادہ کرے اتباعا لقول النبی صلعم من اصلح بین اثنین فقد استوجب اجر شہید یعنے جو شخص جورو خاوند کے درمیان صلح کراتا ہے پس اوسکو شہید کا ثواب ملتا ہے اسکے واسطے بھی سورہ فاتحہ کو زعفران اور مارد و مسک سے اسطرحسے لکھے کہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین لحمد فلان بن فلانۃ لفلان بن فلانۃ او لفلانۃ بنت فلانۃ طاعۃ اللہ تعالی ولقاءحۃ الکتابۃ الشریفۃ الرحمن الرحیم یرحم فلان بن فلانہ لفلانہ بنت فلانۃ طاعۃ اللہ

اگر مرد ہو تو یہان اوسکا نام اور اوسکی ماں کا نام لکھے۔ اگر عورت ہو تو یہان اوسکا نام لکھے ۱۲

تعالی ولفاتحۃ الکتابۃ الشریفۃ مالک یوم الدین امتلاک فلان بن فلانۃ
لفلانۃ بنت فلانۃ امتلاک عبودیۃ ورافۃ ورحمۃ وشفقۃ طاعۃ للہ
تعالے ولسر الفاتحۃ الشریفۃ ایاک نعبد یعبد فلان بن فلانۃ لفلانۃ
بنت فلانۃ طاعۃ اللہ تعالے ولفاتحۃ الکتاب الشریفۃ و ایاک
نستعین استعان فلان بن فلانۃ لفلانۃ بنت فلانۃ باللہ وبسر فاتحۃ
الکتابۃ الشریفۃ علے فلان بن فلانۃ از یطیعہ رعبا ورھبا وسرا
وجھرا طاعۃ ومحبۃ لہ واقبال فی الافعال والاقوال واستعان
باللہ علیہ وبسر الفاتحۃ الشریفۃ وفی الامتثال لہ محبۃ ارادتہ اھدنا
الصراط المستقیم اھتدی واستقام فلان بن فلانۃ لفلان بن فلانۃ
استقامۃ ومحبۃ وعبودیۃ وسمعا وخضوعا فی قولہ من غیر رجوع
طاعۃ للہ تعالے ولسر الفاتحۃ الشریفۃ صراط الذین انعمت علیھم
انعم فلان بن فلانۃ لفلان بن فلانۃ بجمیع ما یطلب منہ وما یرجو
طاعۃ للہ تعالے ولفاتحۃ الکتابۃ الشریفۃ محبۃ وشفقۃ
ورحمۃ غیر المغضوب علیھم ولا الضالین امین ونزعنا ما
فی صدورھم من غل اخوانا علے سرر متقابلین لو انفقت ما فی
الارض جمیعا ما الفت بین قلوبھم ولکن اللہ الف بینھم انہ عزیز
حکیم کو مکان مین ہوا کے رخ لٹکا دے لیکن اسکا خیال ہمیشہ رکھے
کہ وہ محبوب کے مکان کے طرف رہے انشاء اللہ تعالے الیسین صلح و
محبت ومودت حاصل ہوگی۔

فائدہ ۔ محبوب کے کپڑے سے ایک دھاگہ لیوے اور ایک دھاگہ محب
اپنے ملبوس سے لیکر ملا کر بٹے اور اوسپر سات مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم

واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا واذکروا نعمۃ اللہ علیکم
اذ کنتم اعداء فالف بین قلوبکم فاصبحتم بنعمتہ اخوانا
یا ایھا الناس انا خلقناکم من ذکر وانثی وجعلناکم شعوبا
وقبائل لتعارفوا ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم ان اللہ علیم خبیر
اللھم الف بین فلان بن فلانۃ وبین فلانۃ بنت فلانۃ کما
الفت بین موسے وھارون وکما الفت بین جبرئیل ومیکائیل
وبین خدیجۃ الکبرے وبین محمد صلے اللہ علیہ وسلم
وبین فاطمۃ الزھراء وعلی المرتضے رضی اللہ عنہما اللھم الف
بین فلان بن فلانہ وفلانۃ بنت فلانۃ مثل کلمۃ طیبۃ
کشجرۃ طیبۃ اصلھا ثابت وفرعھا فی السماء تؤتی اکلھا کل
حین باذن ربھا ویضرب اللہ الامثال للناس لعلھم یتذکرون
پڑھکر ہر واحد پر ایک گرہ لگاوے سب سات گرہ ہونگی بعد اوسکے دونون
سے کسی کو بہنا دے اللہ تعالے کے فضل وکرم سے دونون مین محبت
ہو جائیگی لیکن اس عمل اور دوسرے عملیات کو ناجائز مقام پر نکرے کیونکہ ہلاکت
اور ضرر کا خوف ہے واللہ اعلم

مقصد تیسیر آیۃ الکرسی کے فوائد مین

فائدہ - حضرت شیخ اکبر محی الدین بن العربی قدس سرہ ارشاد فرماتے ہین
کہ جو کوئی آیۃ الکرسی کو اوسکے عدد حروف کے قدر یعنے ایک سو ستر مرتبہ
پڑھے گا اللہ تعالے اوسکو اعلے درجہ عطا فرمائیگا اور سلاطین و وزراء
وقضاۃ وامراء کے روبرو اپنے فضل وکرم سے معزز ومکرم ومحبوب ومعظم
فرمائیگا اور اوسکو علم معالجہ وحکمت ظاہری وباطنی حاصل ہوگا -

فائدہ - حضرت شیخ الاکبر علیہ الرحمۃ فرماتے ہین کہ جو شخص آیۃ الکرسی کو رات دن مین ہزار مرتبہ ایک چلہ پڑہیگا قسم ہے خدا کی اوسا وسکے رسول کی بہت کچھہ برکات حاصل ہون گے اور ملائکہ اوسکی زیارت کو آوینگے اور اوسکی کل مرادین حاصل ہونگی - **فائدہ** - جو شخص ہر روز آیۃ الکرسی ہزار مرتبہ بلاناغہ باطہارت کاملہ وخلوص پڑہتا رہے گا اپنی عمر مین ایک مرتبہ ضرور مجلس اقدس رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم مین حاضر ہوکر جمال جہان آرا سے مشرف ہوگا اور اگر اس آیۂ پاک کے ورد کو روزانہ چالیس ہزار یا ستر ہزار تک پہونچاویگا اوسپر تجلیات واسرار الٰہی نزول فرمائین گے - **فائدہ** اور جو ہر روز بعد ہر نماز کے آیۂ پاک اٹھارہ مرتبہ پڑہے گا اللہ تعالے اوسکے قلب کو توحید کے نور سے منور فرماویگا اور اوسکے سینہ کو حکمت سے پُر فرماویگا اور اوسکے رزق مین وسعت عطا فرماویگا -

مقصد چوتھا سورۂ انعام مین

جو سورۂ پاک کو اسطرح سے پڑہے گا اللہ تعالے اوسکے دین و دنیاوی حاجت کو آسان فرماویگا - **وہو ہذا** - یکشنبہ کو غسل کرکے پاک کپڑے پہنکر تنہائی اختیار کرکے عود و لوبان سلگا کر عطر یات لگا کر ظہر کی نماز کے بعد دو رکعت نماز حاجت اسطرح سے پڑہے کہ سورۂ فاتحہ سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑہکر نماز تمام کرے پھر درود اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ وَبَارِكْ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ چالیس بار اور اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ وَحَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ تین بار آیۃ الکرسی دس بار پڑہکر مصحف پاک نامۂ مین لیکر اس دعا کو پڑہے بسم اللہ الرحمن الرحیم ھذا کلام ربنا و

وَصفات ربنا امنا بما انزلت واتبعنا الرسول فاکتبنا مع الشاهدین
اللهم انزلته بالحق وبالحق نزل اللهم حظ رغبتی فیه واجعله
نور البصری وشفاء لصدری اللهم انطق به لسانی وزین
به صورتی وجمل به جسمی وجسدی وارزقنی تلاوته بغیر ریاء
وسمعة وعلی طاعتك اناء اللیل واطراف النهار واجعله حجة
لنا ولا علینا وبنهمنا عن نومة الغافلین قبل الموت برحمتك یا
ارحم الراحمین ۔ پڑھکر تھوڑا مال تصدق کرکے بسم اللہ الرحمن الرحیم کہکر سورہ
پاک کو شروع کرے جب ذلك الفوز المبین پر پہونچے اُفوض امری
الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد اکتیس بار اور محمد رسول اللہ صلی اللہ
علیه وسلم بعدد کل معلوم مالك اکتیس بار پھر بدستور سورہ پاک
کو پڑھتا رہے یہانتک کہ ندعونه تضرعا وخفیه پر پہونچے اتاك
نعبد وایاك نستعین اکتالیس بار اور اللهم صل علی سیدنا محمد
وعلی آل سیدنا محمد وبارك علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا
محمد بعدد کل معلوم لك اکتالیس بار پڑھکر آگے پڑھے جب
فقد وکلنا بها قوما لیسوا بها بکافرین پر پہونچے تو افوض امری الخ
اکتالیس بار اور ربنا امنا بما انزلت الایہ پڑھکر وعار الهی من ذا الذی
دعاك فلم تجبه ومن ذا الذی سالك فلم تعطه ومن ذا الذی استجار
بك فلم تجره ومن ذا الذی استعاذ بك فلم تعذه ومن ذا الذی استغاث
بك فلم تغثه ومن ذا الذی توکل علیك فلم تکفه واعوذاه بك
یا الله یا الله یا الله بك استغیث یا مغیث اغثنی وافعل بی ما انت
اهله ومستحقه فانك اهل التقوی واهل المغفرة پڑھکر سجدہ کرے

اوس سجدے مین اپنی حاجت طلب کرے پھر وارزقنا وجمیع المسلمین
والمسلمات والمومنین والمومنات الاحیاء منہم والاموات
بحرمۃ ہذہ السورۃ المبارکۃ خیر الدنیا والاخرۃ واصرف
عنا وعنہم بحرمۃ القرآن العظیم وبحرمۃ سورۃ الانعام
شر الدنیا وعذاب الاخرۃ وشر خلقک اجمعین برحمتک یا
ارحم الراحمین اللہم صل علی سیدنا محمد وعلی ال
سیدنا محمد بعدد کل معلوم لک تین بار پڑہکر سورہ پاک
کو پڑہنا شروع کرے جب وربک الغنی ذو الرحمۃ پر پہونچے
انا الفقیر ذو الحاجۃ کی اٹھارہ بار تکرار کرے پھر ربنا انک جامع
الناس لیوم لا ریب فیہا ان اللہ لا یخلف المیعاد ربنا واجعل
لنا من لدنک ولیا واجعل لنا من لدنک نصیرا۔ اٹھانوے بار
پڑہکر سورہ پاک کو ختم کرے بعد اختتام بسم اللہ الرحمن الرحیم یا سریع الحسنات
یا شدید العقاب یا غفور یا رحیم یا خالق کل شئے یا فاطر
السموات والارض یا فالق الاصباح یا مسبب الاسباب
یا مفتح الابواب یا قاضی الحاجات یا مجیب الدعوات یا وافر
الحسنات یا ولی الحسنات یا مقیل العثرات یا محیی الاموات یا
نور الارض والسموات یا غافر الخطیات یا ساتر العورات یا رافع
السیئات یا دافع البلیات یا قاضی الحاجات اقض حاجتی
فی ہذہ الساعۃ یا الہ الاولین والاخرین یا ذا الجلال والاکرام
تین بار پڑہکر انما امرہ اذا اراد شیئا ان یقول لہ کن فیکون
فسبحان الذی بیدہ ملکوت کل شئ والیہ ترجعون پڑہکر سجدہ کرے

اور اپنی حاجت خدائے تعالے سے طلب کرے پھر یہ دعا پڑھے۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَعَزَائِمَ
مَغْفِرَتِکَ وَالْغَنِیْمَۃَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَۃَ مِنْ کُلِّ شَرٍّ اَللّٰھُمَّ
لَاتَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا مَرَضًا اِلَّا شَفَیْتَہٗ
وَلَا دَیْنًا اِلَّا قَضَیْتَہٗ وَلَا فَاسِدًا اِلَّا اَصْلَحْتَہٗ وَلَا مُفْرَقًا اِلَّا جَمَعْتَہٗ
وَلَا غَائِبًا اِلَّا رَدَدْتَّہٗ وَلَا حَاجَۃً مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِلَّا قَضَیْتَھَا
بِیُسْرٍ مِّنْکَ وَعَافِیَۃٍ اَمْرًا وَاَسِعَ الْمَغْفِرَۃِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ
ہزار مرتبہ پڑھے ہر صدی پر اقْضِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَا اِلٰہَ
الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ
بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
خَیْرِ خَلْقِہٖ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔ سو مرتبہ پڑھے اسیطرح سورۂ پاک
کو چالیس روز تک برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالے بہت جلد مقاصد
حاصل ہوں گے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

مقصد پانیکو ان سورۂ کہف کے بیان مین

اگر کسیکو کوئی مہم پیش آئے تو سورۂ کہف کی اسطرح دعوت دے پڑھنے
کے واسطے ایسی جگہ تجویز کرے جہان کسی کے بولنے چلنے پھرنے وغیرہ
کی آواز نہ آئے پھر غسل کر کے سفید کپڑے پہنکر خوشبو لگا کر عود سلگا کے نوچندی
جمعہ سے شروع کرے چودہ دن تک روزہ رکھے اور گوشہ سے باہر نہ آئے
ہر نماز کے بعد ایک بار پڑھے اور جو لیل جمعہ مین یعنے آدھی رات کو عطریات
و بخورات مین زیادتی کر کے دوزانو بیٹھکر درود اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِکَ ہزار بار پڑھے

چالیس مرتبہ سورۂ کہف پڑہے لیکن ہر دو مرتبہ پر دوگانہ اسطور پر ادا کرے کہ ہر رکعت مین بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص تین بار درود مذکور دس بار پڑہے اس حساب سے تا اختتام چالیس کل بیس دوگانہ ہون گے اور جب قرأۃ سے فراغت پائے تو استغفار اور خدائے تعالے کی حمد کرکے الباقیات الصالحات سو مرتبہ پڑہے من بعد جب نماز سے فارغ ہو تو خدائے تعالے کے اون محامد سے جو قرآن مین مذکور ہین حمد کرے پھر بہلیل من بعد دعا کرکے کھڑا ہو جائے اور ٹہلنا شروع کرے اوسمین ہے خدائے تعالے کے ذکر سے غافل نرہے پس اس سورۂ پاک کا موکل خوبصورت جوان کی شکل مین آکر پڑہنے والے کو سلام کریگا پڑہنے والے کو لازم ہے کہ خائف نہ ہو بلکہ سلام کا جواب دیوے باادب ہو جائے من بعد وہ موکل ہزار دینار کی تھیلی ڈالدیگا مگر قاری سے چند شرطین کریگا اول یہ کہ ہر جمعہ کو زیارۃ قبور کرے دوسرے یہ کہ فقرا و مساکین کو نہ بھولے یعنے خیرات کرتا رہے تیسرے یہ کہ کبھی زنا نکرے اور محرمات سے بچتا رہے قاری کو لازم ہے کہ جو اقرار وہ لے یہ اوسپر مستعد ہو جائے اور جواب دیکر شکریہ ادا کرے پھر موکل کہے گا کہ اگر تو ہر مہینے اسکو پڑہا کرے تو ہر مہینے مجکو ہزار روپیہ دیئے جائین گے

مقصد چھٹا سورۂ یٰس کے فوائد مین

قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین جنید زمان شبلی دوران شیخ المشائخ حضرت سلطان الاولیا، نظام الدین محبوب الٰہی قدس سرہ ارشاد فرماتے ہین کہ جو شخص کسی مہم مین سورۂ یٰس کو ہر روز پڑہتا رہے گا اللہ تعالے اوس کے حوائج دینی و دنیاوی کو آسان فرمادیگا اعوذ باللہ بسم اللہ کہکر شروع کرے

لفظ یٰس سات بار تکرار سے پڑھے پھر پڑھتا ہوا ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَظِيمِ پر پہونچکر آیہ پاک کو چودہ مرتبہ تکرار پڑھکے آگے چلے جب۔ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِيمِ پر پہونچے سولہ بار تکرار کرے پھر اَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقَادِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ پر پہونچکر اس آیہ کو چار مرتبہ پڑھے پس جو شخص طریقہ مذکورہ بالا سے ہر روز چالیس مرتبہ پڑھتا رہے گا چالیس دن پورے نہ ہونگے کہ اللہ تعالے اوسکی مشکلات کو آسان فرماویگا

فائدہ۔ حضرت شیخ ابو العباس بونی شمس المعارف الکبرے مین تحریر فرماتے ہین کہ جب سورۂ یٰس شروع کرے لفظ یٰس کو سات مرتبہ کہکر سورۂ پاک کو پڑھے جب فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ پر پہونچے اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ يَّسُوْرُهُ فِيْ سِرِّهٖ وَسِرُّهٗ فِيْ خَلْقِهٖ اِحْفَظْنِيْ عَنْ اَعْيُنِ النَّاظِرِيْنَ وَقُلُوْبِ الْحَاسِدِيْنَ وَالْبَاغِيْنَ كَمَا حَفِظْتَ الرُّوْحَ وَالْجَسَدَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ پڑھے جب وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ پر پہونچے اَللّٰهُمَّ اَكْرِمْنِيْ بِقَضَاءِ حَوَائِجِيْ کہے جب ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ پر پہونچے اسکو چودہ مرتبہ تکرار پڑھکے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِفَضْلِكَ الْوَاسِعِ السَّابِغِ اَنْ تَغْنِيَنِيْ مَا تُغْنِيْ بِهٖ عَنْ جَمِيْعِ خَلْقِكَ تین مرتبہ پڑھے پھر سلام قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِيمِ تک پہونچکر آیہ پاک کو چودہ مرتبہ تکرار کہکے اَللّٰهُمَّ اَسْلِمْنَا مِنْ اٰفَاتِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ پڑھے اور جب اَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقَادِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ پر پہونچکر بَلٰى قَادِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نَّفْعَلَ كَذَا وَكَذَا تین مرتبہ پڑھکر سورۂ پاک کو آخر تک چودہ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ العزیز مطلب بہت جلد حاصل ہو جائے گا۔

فائدہ۔ حضرت سعید بن جبیر سے مروی ہے کہ جو شخص سورۂ پاک کو پڑھکر

مجنون پر دم کریگا اللہ تعالے اوسکو شفا بخشیگا۔ فقیر نے بھی اسکو بارہا آزمایا مجرب پایا
واللہ اعلم بالحق والصواب۔

مقصد ساتوان سورۂ فتح کے فوائد مین

فائدہ۔ جو شخص ہر روز ایک مرتبہ سورۂ پاک کو پڑہتا رہے گا حضور صلعم
کی بیعت سے عالم رویا مین مشرف ہوگا دنیا و آخرت مین اوسپر خیر کے دروازے
کہولدئے جائینگے اگر ذلیل ہوگا عزت دیجائیگی ضعیف ہوگا قوی کیا جائیگا
مقروض ہوگا قرضہ سے نجات پاویگا مقید ہوگا رہائی پائیگا الغرض جتنی مشکلین
پیش آئینگی سب حل کیجائینگی۔ **فائدہ** بعض مشایخین سے مروی ہے کہ جو
شخص سورۂ پاک تین دن یا سات دن تک روزانہ کتالیس مرتبہ پڑہتا رہے گا
اوسکے مقاصد کو اللہ تعالے پورا فرماویگا اگر اس اثنا مین حاجت پوری
نہ ہوی تو باین ترتیب چالیس ختم کرے۔ جیسا کہ حضرت امام فخر الدین
رازی علیہ الرحمۃ سے مروی ہے کہ جمعہ کے روز بعد نماز جمعہ سنن و نوافل سے
فراغت حاصل کرکے سورۂ پاک کو سات مرتبہ پڑہکر اسم یا فتاح کو چار سو
نواسی مرتبہ پڑہے پھر ہر روز ظہر کی نماز کے بعد دوسرے جمعہ تک بدستور
پڑہتا رہے اور پڑہنے کے درمیان دنیا کی باتون سے پرہیز کرے بعد سات
دن کے خدا نے چاہا تو مقصد پورا ہوگا اور اگر حصول مقصد مین درنگی ہو تو
چالیس ختم برابر کرتا رہے تا حصول مقصد پھر روزانہ ایک مرتبہ پڑہتا رہے۔
یہی طریقہ فقیر کے یہان رائج ہے چنانچہ حضرت جدنا ملک العلما مولانا محمد حیدر
صاحب علیہ الرحمہ رسالہ وظایف حیدریہ مین تحریر فرماتے ہین کہ نزد مشایخین یا
قرأۃ سورۂ انا فتحنا بعد ظہر معمول است و حضرت پیر و مرشد قدس سرہ الاصفی و نور
مرقدہ المصفی و نفعنا اللہ ببرکتہ سورۂ مزمل میخواند فقیر بفضل اللہ ہر دو سورہ را میخوا

مقصد آٹھوان سورۂ واقعہ کے فوائد مین

حضرت عبداللہ بن مسعود سے مروی ہے کہ فرمایا اونھون نے کہ رسول اللہ صلعم سے مینے سنا ہے آپ فرماتے تھے جو شخص سورۂ واقعہ کو رات مین ہمیشہ پڑہتا رہیگا اوسکو فاقہ نہ ہوگا سورۂ واقعہ سورۂ غنی ہے پس پڑہو تم اور سکھاؤ تم اپنی اولاد کو۔ **فائدہ**۔ جو شخص سورۂ واقعہ کو عصر کی نماز کے بعد چودہ مرتبہ پھر اسماء اللہ الحسنی چودہ بار پھر دعا بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انی اسالک بعظیم قدیر کریم مخزون اسمائک و باصناف انوار اجناس رقوم نقوش انوارک وبعزیز اعتزاز عزتک وبجول طول شدید قوتک وبمقدار اقتدار قدرتک وبتائید تحمید تمجید عظمتک وبسمو سمو علو رفعتک وبقیوم دیوم دوام ابدیتک وبرضوان امان امتنان مغفرتک وبرفیع منیع سلطانک وبصلات سعات بساط رحمتک وبلوامع بوارق صواعق عجیج بھیج وھیج عزتک وبسمر قر میمون وحدانیتک وبھدیر غدیر امواج بحرک المحیط بملکوتک وباسناک انقسلح میادین براز نخ کرسیک وبعلویات روحانیات املاک عرشک وباملاک الروحانیتین المدبرین لکواکب افلاکک وبجنین تسکین مریدین مغفرتک وبحرقات زفرات فطرات الخالقین من بسطوتک وبال تزال المجتھدین فی مرضاتک وبتجید تجلید العابدین لطائفتک یا اول یا آخر یا ظاھر یا باطن یا قدیم یا مقیت اطمس بطلسم بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سر سویداء قلوب اعدائنا واعدائک ودق روس الظلمۃ بصوارم سیوف نمساط قھر سطوتک واحجبنا بحجبک المنیعۃ من لحظات لحات ابصارھم

الضعيفة بحولك وقوتك وصب علينا رضاك من اناسيب مباذنب
التوفيق اناء الليل واطراف النهار والخمسنا في مسائي بركو
رحمتك وقيدنا بقيود السلامة عن الوقوع في معصيتك يا اول
يا اخر يا ظاهر يا باطن يا قدير يا مغيث يا حليم اللهم ذهلت العقول
وانحصرت الافهام وضاعت الاوهام وقلت الظنون وحارت
الافكار وقصرت الخواطر عن ادراك كيفية ماظهر من نوادر
انوار عجائب قدرتك دون البلوغ لالاء لمعات طالحتك اللهم
محرك الحركات ومبدا الغايات مشتق صلم صلوب الضحور
الراسيات والمنبع منها ماء معينا للمخلوقات المحي وسائر الحيوانات
والعليم بما اختلج في سر وهمر نطق اشارات خفيات لغات
النمل السارحات ومن عظم. ومجد وقدس وهلل وكبر بجلال
كمال جمالي عرشه ملائكة السبع سموات اجعلنا في هذه
الساعة المباركة ممن دعاك فاجبته وسالك فاعطيته
وتضرع اليك فرحمته واستغاثك من ذنوبه فاقلته بفضلك و
احسانك القديم جوده مرتبة بتكرر دعا اللهم عاملنا بما انت اهله
ولا تعاملنا بما نحن اهله انك اهل التقوى واهل المغفرة سبحانك
لا نحصي ثناء عليك كما اثنيت على نفسك جل وجهك وعز
جارك وجل ثناءك يفعل الله ما يشاء بقدرته ويحكم ما يريد
بعزته يا حي يا قيوم يا بديع السموات والارض يا ذا الجلال
والاكرام ولا حول ولا قوة الا بالله العلي العظيم وصلى الله
على سيدنا محمد وعلى اله وصحبه وسلم وتسليما كثيرا

کو سات مرتبہ روز پڑہے اس عمل کو سات روز تک پڑہے اگر اس مدت مین
مقصد حاصل نہ ہو تو دو ہفتہ تک والا چالیس ختم کرتا رہے انشاء اللہ تعالے
مقصد ضرور بالضرور حاصل ہو جائیگا۔

مقصد نوان سورۂ جن کے فوائد مین

جب ارادہ کرے سورۂ پاک کی تلاوت کا اول تین دن سہ شنبہ چہار شنبہ
پنجشنبہ ہر ذی روح سے صائم رہے اور شبانہ روز عود و لوبان سلگاتا رہے
اور عطریات کا استعمال رکھے اس تین دن کے عرصہ مین سورۂ پاک کو ہزار
مرتبہ یعنے دو روز تین سو تینتیس ۳۳۳ مرتبہ اور تیسرے روز تین سو چونتیس مرتبہ
لیکن ختم جمعہ کے اوسط شب مین ہو۔ سورۂ پاک کو اسطرح سے پڑہنا شروع کرے
بسم اللہ الرحمن الرحیم قل اوحی الی اللھم انی اسالک یا منزل الوحی
من فوق سبع سموات ان تیسر لی ما انا قاصدہ وطالبہ وتسخر
لی خدام ھذہ السورۃ المبارکۃ یطیعونی فی جمیع ما ارید
انک علی کل شئ قدیر اللھم یا من الیہ یھرب وما من فی عفوہ
یطمع الطامعون انہ استمع نفر من الجن اللھم انی اسالک یا من یسمع
ویری ولا یری وھو بالمنظر الاعلی فقالوا انا سمعنا قرانا عجبا
یھدی الی الرشد فاٰمنا بہ ولن نشرک بربنا احدا اللھم انی اسالک
بحق من اٰمن بک من المومنین وبابائھم ونبیک وبک وبالسائلین
ان تسخر لی خادم ھذہ السورۃ یکون لی عونا علی ما ارید وانہ تعالی
جد ربنا ما اتخذ صاحبۃ ولا ولدا اللھم انی اسالک یا من لم
یتخذ صاحبۃ ولا ولدا ان تنطق قلبی بالحکمۃ ولسانی بالمعرفۃ
وان تکون عونا لی ومعینا وان تسخر لی قلوب خلقک اجمعین وانہ

كانوا رجال من الانس يعوذون برجال من الجن فزادوهم رهقا
وانهم ظنوا كما ظننتم ان لن يبعث الله احدا اللهم انى اسالك
يا رافع السموات يا خالق المخلوقات ويا مكون الاكوان ويا مدبر
الزمان ويا منزل التوراة والانجيل والزبور والفرقان ويا مفضل
بنى آدم على جميع المخلوقات يا حي يا قيوم يا من لا تنام يا من سخر الجن
والانس لسليمان عليه السلام اسالك اللهم ان تسخر لي جميع
خلقك وجميع الاشياء واشهر ذكري في الخير يا حي لا ينام
اللهم انى اسالك بالاسم العظيم المخزون المكنون وبالنور الكريم
ان تسخر لي روحانية هذه السورة حتى يجيبوني ويكونوا الى عونا
على ما اريد انى توسلت بك اليك يا من هو فعال لما يريد فسمعت
عليكم ايها الارواح الروحانية العظام المعظمة البهية بالاسم
الذي كان مكتوبا على قلب آدم عليه السلام وبالاسر الذي
فضله الله على كثير من الاملاك لا اله الا هو رب البرية اجيبوا
ايتها الارواح الروحانية الطاهرة الزكية الملكوتية ان
تكونوا عونا لى ما اريد حتى لا اقدر احدا ان يخالف امري من
الخلق اجيبوا من عبدك واستعنت بك فالحني واغثني وانصرني
فانه لا معين لى الا انت ولا ناصر لى عليهم غيرك ولا اسال
احدا سواك اللهم انى اسالك بالايات والذكر الحكيم ان تسخر
لى روحانية وخدام هذه السورة المباركة انك على كل شئ
قدير اجيبوا يا ملائكة رب العالمين بحق اسم الله الاعظم
وبحق هذه الدعوة والذكر الحكيم اقسمت عليكم يا ملائكة ربي

اجیبوا الاسماء الله طائعین فانی استعین علیکم بالله الرحمن
الرحیم وبالحمد لله رب العالمین. (**وقیاس**) بحق الاسم
المکتوب علی قلب القمر والشمس وبحق الاسم العظیم
الاعظم (**یا مذہب**) بحق رب العالمین وبحق الملک الغالب
علیک امرہ ودوقیائیل احضرانت واعوانک وقبیلک وجمیع
عشائرک ومن کان تحت حکمک اجیبوا وکونوا عونا لی علی ما
ارید بحق ما تلوته علیکم من اسم الله العظیم اللهم
کن لی عونا ومعینا اقسمت علیکم یا سمسمائیل بحق صاحب هذہ
البینة العلیا اجب یا جبرائیل بحق الاسم المکتوب علی قلب القمر
وبحق الله الواحد القهار اجب یا ابا النور الابیض بحق الملک
الغالب علیک امرہ جبرائیل وبحق الله العلی الاعلی اجب وکن
لی عونا علی ما ارید اجب یا احمر بحق الملک الغالب علیک
امرہ سمائیل اجب انت واعوانک وشائرک اجب انت وقبائلک
واهل طاعتک اجمعین اجیبوا کلکم وافعلوا ما ارید
منکم بحق سبوح قدوس رب الملائکة والروح اجیبوا وکونوا
طائعین ولاسمائه سامعین اجب یا میکائیل بحق الآیات
والذکر الحکیم وبالذی خلق السموات والارض وهو بکل
شی علیم اجب یا برقان بحق الملک الغالب علیک امرہ میکائیل
اجب انت واعوانک وقبائلک وعشائرک بحق من قال للسموات
والارض ائتیا طوعا وکرها قالتا اتینا طائعین اجب یا صرفیائیل
اجب انت واعوانک وعشائرک وقبائلک واهل طاعتک لا

تخلف منكم احد بحق هذه الاسماء العظام والاسم العظيم
الله الله الله الله الله الله الله الله اللهم كن لي عونا ومعينا
اجب يا عنيائيل بحق يوم الجمعة وبحق من هو جامع الناس ليوم لا
ريب فيه اجب يا زوبعه بحق الملك الغالب عليك امره عنيائيل
اجب انت واعوانك وعشائرك وقبائلك ومن هو تحت حكمك
اجب يا كسفيائيل بحق المسخر بين السماء والارض وبحق
الملك القدوس الديان وبحق العلي الاعلى وبحق الله تعالى
اجب يا ميمون بحق الملك الغالب عليك امره كسفيائيل احضر
انت واعوانك وقبائلك وعشائرك ومن هو تحت حكمك اجيبوا
يا معاشر الارواح الروحانية العلوية وكونوا لي عونا على ما
اريد من الارض الارضية اجيبوا بحق ما تصرفونه من قدم
اسماء الله تعالى اجيبوا واطيعوا واسمعوا خطابي وتصرفوا
فيما اريد يا معاشر الارضية بحق الملكوت الروحانية احضروا
الى مكاني هذا الوحا سم العجل ١٣ لساعة ٣ ان كانت الاصيحة
واحدة فاذا هم خامدون يا حسرة على العباد ما يأتيهم من
رسول الا كانوا به يستهزؤون احضروا واجيبوا واطيعوا ومن
تخلف منكم تحرقه الملائكة بالشهب الثواقب وانا لمسنا السما
فوجدناها ملئت حرسا شديدا وشهبا وانا كنا نقعد منها
مقاعد للسمع فمن يستمع الان يجد له شهابا رصدا وانا لا
ندري اشر اريد بمن في الارض ام اراد بهم ربهم رشدا وانا
منا الصالحون ومنا دون ذلك كنا طرائق قددا وانا ظننا

ان لن نعجز الله في الارض ولن نعجزه هربا وانا لما سمعنا
الهدى امنا به فمن يؤمن بربه فلا يخاف بخسا ولا رهقا
وانا منا المسلمون ومنا القاسطون فمن اسلم فاولئك تحروا
رشدا اقسمت عليكم ايتها الارواح الروحانية اجيبوا
بحق ما تلوته عليكم من اسماء الله وايانه لا يتخلف منكم
احد اجيبوا واسمعوا واحضروا وادخلوا في جسم الارضية
اجيبوا يا معاشر الارضية بحق ما تلوته عليكم اجيبوا بحق اسماء الله
تعالى اجيبوا طائعين لاسماء الله رب العالمين اجيبوا ولا
يتخلف منكم احد واما القاسطون فكانوا لجهنم حطبا اجيبوا
يا معاشر الارواح الارضية طائعين بحق ما اقسمت به عليكم
وانه لقسم لو تعلمون عظيم وان لو استقاموا على الطريقة لاسقيناهم
هم ماء غدقا لنفتنهم فيه ومن يعرض عن ذكر ربه يسلكه
عذابا صعدا اجيبوا ولا يتخلف منكم احد بحق ما اقسمت
به عليكم وان المساجد لله فلا تدعوا مع الله احدا وانه لما
قام عبد الله يدعوه كادوا يكونون عليه لبدا قل انما ادعوا
ربي ولا اشرك به احدا قل اني لا املك لكم ضرا ولا رشدا قل اني
لن يجيرني من الله احد ولن اجد من دونه ملتحدا الا بلاغا من الله
ورسالاته ومن يعص الله ورسوله فان له نار جهنم خالدين فيها
ابدا حتى اذا راوا ما يوعدون فسيعلمون من اضعف ناصرا
واقل عددا قل ان ادري اقريب ما توعدون ام يجعل له ربي
امدا عالم الغيب فلا يظهر على غيبه احدا الا من ارتضى من رسول

فانه يسلك من بين يديه ومن خلفه رصدا اللهم انى اسالك بطاء
طولك وبياء بقائك وبقاف قدرتك وبتاء تبركك وبثاء ثبوت
ملكك ووسع كرسيك يا من لا تخالطه الظنون فى ملكه
يا من يستجير منه كل شئ ولا شئ من خلقه الا وهو يستجير ولا يجار
فى ملكه اسالك اللهم فانى لا املك لنفسى نفعا ولا ضرا الا
باذنك اللهم انى اسالك بحق الوعد الذى وعدت به انبيائك
وارشدت به اوليائك اللهم يا جليل تين يا ربا عظيم ٣ ربا
الله ٣ ربا من له ملك السموات والارض يا من يعلم ولا يعلم عنه
سواه اللهم انى اسالك بجاهك وبعين علمك وبغين غفرانك
وبكاف كبريائك وبلام لطفك وبياء يقينك وبالف الوهيتك
وبضاد ضيائك اللهم انى اسالك بزاى زينتك وبشين شفائك
يا حى يا قيوم الا من ارتضى من رسول فانك يسلك من بين
يديه ومن خلفه رصدا ليعلم ان قد ابلغوا رسالات ربهم
واحاط بما لديهم واحصى كل شئ عددا اللهم انى اسالك
بحق المساجد الله وبحق عبادك الصالحين وبحق الراكعين
الساجدين وبحق الباقين فانك انت الله الكريم وبحق من
دعاك سخر لى مرادى وكن لى معينا اللهم انى اسالك بحق
من لم يشرك به احدا ان تشهد لى وتيسر لى وتعينى وتمينى
لى من امرى رشدا اللهم يا من هذا الكلام كلامه اسالك
بكلماتك العظيم وبسورة قل اوحى الى وبالوعد الحكيم اللهم
يا من احصى كل شئ عددا واجرى البحر مددا ويفنى الخلائق و

هودا ثرابدا یا من لا تصفه الواصفون ولا یوصف بقیام ولا بقعود
ان تسخر لی خدام هذه السورة والاسماء یخدمونی ویطیعونی
انك علی کل شئ قدیر اللهم باخدام هذه الدعوة الروحانیین
اللهم علیکم یا معاشر الروحانیة الکرام الموکلین بالافلاك
الذی خلقکم من نوره واسکنکم تحت عرشه الا اجبتم سامعین
متصرفون فیما اریدا قسمت علیکم بهذه الدعوة والاسماء و
السورة بحق ارقوش ۲ بار کلهوش ۲ بار لططهوش ۲ بار کمطهوش ۲ بار
بهوش ۲ بار قانوش ۲ بار اقسمت علیك یا روقائیل الملك الموکل
بفلك الشمس بحق الله الذی لا اله الا هو کل شئ هالك الا
وجهه له الحکم والیه ترجعون اقسمت علیك یا روقائیل الملك
الموکل بفلك الشمس بحق الله الذی لا اله الا هو بحضور المذهب
اجب یا مذهب بحق مره یا زقائیل وبحق یاه ۲ بار الا اجبت واسرعت
وفعلت ما امرتك به اقسمت علیك یا جبرائیل الملك الموکل بفلك
القمر بحق القاهر فوق عباده وهو اللطیف الخبیر اجب یا جبرائیل
بحضور الابیض اجب یا ابیض بحق الملك الغالب علیك امره
جبرائیل وبحق سام الا اجبت واسرعت وفعلت ما امرتك به اقسمت
علیك یا سمسمائیل الملك الموکل بفلك المریخ بحق من امره
بین الکاف والنون انما امره اذا اراد شیئا ان یقول له کن فیکون
اجب یا سمسمائیل بحضور الملك الاحمر اجب یا احمر بحق الملك الغالب
علیك امره سمسمائیل وبحق ویلیخ الا اجبت واسرعت وفعلت ما
امرتك به اقسمت علیك یا میکائیل الملك الموکل بفلك عطارد

وبحق من لا تدركه الابصار وهو يدرك الابصار وهو اللطيف
الخبير الستار اجب يا ميكائيل وبحق اهيا اشراهيا الا ما اجبت
واسرعت وعجلت وفعلت ما امرتك به اقسمت عليك يا صرفيائيل
الملك الموكل بفلك المشترى بحق الله نور السموات والارض
اجب يا صرفيائيل بحق شمهورش بحق الملك الغالب عليك امره
يا صرفيائيل بحق دردميش الا ما اجبت وعجلت واسرعت وفعلت
ما امرتك به اقسمت عليك يا عنيائيل الملك الموكل بفلك الزهرة
بحق من يعلم ما تحمل كل انثى وما تغيض الارحام وما تزداد اجب
يا عنيائيل بحضور زوبعة بحق الملك الغالب عليك امره عنيائيل
وبحق سبوح قدوس رب الملائكة والروح الا ما اجبت وفعلت
ما امرتك به واقسمت عليك يا صفيائيل الملك الموكل بفلك
المقاتل بحق من يعلم السر واخفى اجب كسفيائيل بحضور ميمون
ابا نوخ اجب يا ميمون بحق الملك الغالب امره كسفيا وبحق ازيلى
ب ب ا وراك ب ب ا ر زيال ب ب ا اقسمت عليكم يا ملائكة رب العالمين
بحق بسم الله الرحمن الرحيم الا ما اجبتم سامعين بحق من قال
للسموات والارض ائتيا طوعا او كرها قالتا اتينا طائعين بحق
الحق الحقيق الملك الوثيق مخرج الانسان من كل ضيق وبحرمة
سيدنا محمد صلى الله عليه وسلم وصاحبه الصديق الا
ما سخرتم لى هذه الارضية يكونوا لى عونا فى طوعى ممتثلين
امرى بحق اهيا اهيا قرش يكموش عكش كشلخ وبحق الفرد الصمد
الذى لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوا احد الا ما اسرعتم و

وَاَحْسِنُوْ وَلَمْ یَبْقَ مِنْکُمْ اَحَدُ الْعَجَلَ السَّاعَۃَ بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکُمْ وَعَلَیْکُمْ
اَجْمَلُوْا وَافْعَلُوْا مَا اَمَرْتُکُمْ بِہٖ بِحَقِّ مَا اَصَمْتُ بِہٖ عَلَیْکُمْ وَاِنَّہٗ لَقَسَمٌ لَوْ
تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ۔ اس دعوت کے ختم کے روز سورۂ پاک کا خادم اس شکل کا
کوتاہ قد لانبے ہاتھ ہون گے پڑہنے والے کے پاس آکر سلام علیک کریگا

مقصد دسوان سورۂ ملک کے فوائد مین

جو شخص الا یعلم من خلق وھو اللطیف الخبیر کو دو ہزار بار ہر روز پڑہتا رہیگا
مصائب و فقر سے نجات پاویگا مریض کو صحت ہوگی بلیات دفع ہونگے
اور اگر اسقدر پڑہنے کی مہلت نہین ہے تو اسکے اعداد حروف کے مطابق
ایک ہزار تین سو اکیس بار روز پڑہتا رہے تا عمر نکرے رزق وسیع ہوگا۔

مقصد گیارہوان سورۂ مزمل کے فوائد مین

اگر کسیکو کوئی حاجت پیش آوے تو اوسکو چاہئے کہ سورۂ پاک پنجشنبہ کے دن
سے اسطرح سے پڑہنا شروع کرے اول غسل کرے پھر عمدہ کپڑے
پہنکر عود سلگاکر پاک مقام پر بیٹھکر اول دس مرتبہ درود پھر تین مرتبہ آیۃ الکرسی
پھر تین بار استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ
پڑہکر تعوذ و تسمیہ کے ساتہ سورۂ پاک کو پڑہنا شروع کرے جب آیۂ
رب المشرق والمغرب پر پہونچے تین بار آیۂ پاک کو پڑہکر یارب المشرق
والمغرب لا الٰہ الا انت فاتخذہ وکیلا تین بار پڑہکر حسب دستور
سورۂ پاک کی تلاوت مین مشغول ہو جب آیۂ پاک واللہ یقدر اللیل و
النہار پر پہونچے تین بار آیۂ مذکورہ کو تکرار پڑہکے دعا یا من یقدر
اللیل والنہار قدر لی حاجتی فانک قادر وانت علی کل شیء
قدیر تین مرتبہ پڑہکر حاجت طلب کرے پھر سورۂ پاک کی تلاوت مین

مشغول ہو جب آیۂ پاک یبتغون من فضل اللہ پر پہونچے بدستور تین بار پڑھکے دعاء اللھم من فضلک ابتغیت ومن فضلک ارجو ان تبتغی با ذا الفضل العظیم تین بار پڑھے جب آیۂ واستغفر اللہ العظیم والوب الیہ تین مرتبہ پڑھکر دعاء اللھم بحق ھذہ السورۃ الشریفۃ العظیم واسالک بحق اسمائک الشریفۃ الکرام یا من طبھرج یا غیتھج یا ثناث لبت وبحق کھیعص وبحق حمعسق وبحق اسالک نبیک محمد رب الذی سمیتہ فی کتابک العزیز یا ایھا المزمل ان تزطنے برداء لطفک عن عیون البا لغین والحاسدین من الجلاء لی والحد ائک یا ارحم الراحمین تین بار پڑھے انشاء اللہ تعالے ضرور حاجت پوری ہوگی۔

مقصد بارھوان سورۂ بنا کے بیان مین

حضرت قدوۃ العارفین زبدۃ السالکین وارث موارث صدیقین برہان اہل الحق والیقین سلطان المشایخ قدس سرہ فرماتے ہین کہ جو شخص سورۂ پاک کو بعد نماز عصر کے پانچ مرتبہ پڑھے گا وہ محبت خدائے تعالے مین مستغرق ہوگا **فائدہ**۔ اگر کسی پر سحر ہو تو سورۂ پاک کو وجعلنا نوم سباتا تک مکرر سہ کر پڑھکر مسحور پر دم کرین انشاء اللہ تعالے بہت جلد صحت ہوگی۔

مقصد تیرھوان سورۂ الشراح کے فوائد مین

فائدہ۔ جو شخص سورۂ پاک کا بعد ہر نماز کے ہمیشہ تو ما ورد رکھے گا اوسکو ہر قسم کی کشادگی حاصل ہوگی۔ **فائدہ** اگر کوئی سات دن تک سورۂ پاک کو ہر روز چالیس چالیس مرتبہ پڑھے گا اوسکی سب مشکلین آسان ہونگی اور فراخی حاصل ہوگی۔ **فائدہ**۔ اگر ضیق النفس رالے کے سینہ پر سورہ پاک پڑھکر

دم کر دیجاے تو خداے تعالے اوسکے مرض کو دفع فرماویگا۔

مقصد چودھوان سورۂ قدر کے بیان مین

فائدہ۔ جس کسیکو پروردگا عالم سے کوئی حاجت ہو تو اوسکو چاہیئے کہ اوقات متبرکہ مین باطہارات کاملہ سورۂ پاک کو اکتالیس بار پڑہکر دعاء اللھم یا من یکتفی عن خلقه جمیعا ولا یکتفی عنه احد من خلقه جمیعا یا احد یا من لا احد له انقطع الرجاء الا منك وخابت الآمال الا فیك یا غیاث المستغیثین اغثنی پڑہے لفظ اغثنی کے سات بار تکرار کرے اللہ تعالے اوسکی حاجت پوری فرماویگا۔ **فائدہ** رسول مقبول صلعم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جو شخص سورۂ قدر کو ہر روز سو مرتبہ پڑہتا رہے گا اللہ تعالے اوسکے قلب مین اسم اعظم کو القا فرماویگا اور جو نیک دعا مانگے گا اللہ تعالے اوسکی دعا قبول فرماویگا۔ **فائدہ**۔ اگر کسیکو زیارت نبوی صلعم کے حصول کا شوق ہو اوسکو چاہیئے کہ سورۂ قدر کو جمعہ کے روز ہزار مرتبہ پڑہے ہمیشہ پڑہتا رہے بغیر حصول زیارت اوسے موت نہین آئیگی۔

مقصد پندرھوان سورۂ ہمزہ کے بیان مین

اگر کوئی شخص اس سورہ کی دعوت دینا چاہے تو اوسکو چاہیئے کہ غسل کرکے پاک کپڑے پہنکر خالی مکان مین خوشبو سلگاکے اسطرح سے پڑہنا شروع کرے کہ اول سو مرتبہ استغفر اللہ العظیم پھر درود سو بار پڑہکر دو رکعتین ادا کرے ہر رکعت مین بعد فاتحہ کے سورۂ اخلاص پانچ سو بار پڑہکر نماز تمام کرے پھر سورۂ پاک کو سو مرتبہ پڑہے تا حصول مقصود پڑہتا رہے خداے تعالے بہت جلد حاجت پوری فرماویگا۔

مقصد سولھوان سورۂ قریش کے بیان مین

بعض مشایخ علیہ الرحمہ ارشاد فرماتے ہین کہ شب جمعہ کو بعد آدہی رات کے باطہارت وآداب سورۂ پاک کو ہزار مرتبہ پڑہکر سورہے زیارت نبوی صلعم سے مشرف ہوگا۔

مقصد ستر ہوان سورۂ کوثر کے فوائد مین

فائدہ۔ سورۂ پاک کو طلب ترقی رزق وجاہ ومال کے واسطے ہر روز ہزار بار پڑہتا رہے اللہ تعالے اوسکے مراتب ومناصب بڑہائیگا۔

فائدہ۔ بعض اکابرین فرماتے ہین کہ جو شخص شب جمعہ مین سورۂ کوثر ہزار بار پڑہکر درود اللھم صل وسلم علے سیدنا محمد وعلے ال سیدنا محمد بعدد کل معلوم لک ہزار مرتبہ پڑہکر باطہارت وآداب سوئیگا تو وہ مجلس رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم مین حاضر کیا جائے گا اور شرف زیارت سے مشرف ہوگا لیکن اکل حلال وصدق مقال شرط ہے۔

مقصد اٹھارہوان سورۂ اخلاص کے بیان مین

فائدہ۔ اگر کوئی شخص سورۂ پاک کی دعوت دینا چاہے تو اوسکو لازم ہے کہ اول تین روزہ ہر ذی روح سے رکھکر سہ شنبہ سے شروع کرے اول غسل کرکے پاک وصاف کپڑے پہنکر پاک مقام پر قبلہ رو بیٹھکر سورۂ پاک کو ہزار مرتبہ روز پڑہے جب شب جمعہ آوے وہی وقت ختم دعوت کا ہے اوس شب کو بھی بدستور ہزار بار سورۂ پاک کو اور دعا بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انی اسالک بقاف القدرۃ والاحاطۃ بلام اللوح واللطف و بہاء الھیۃ والاجابۃ والھدایۃ وبواو الولایۃ ان تجعل لے قدرۃ واحاطۃ علے دقائق الکائنات اللوحیۃ مبتھجا بباء الھیبۃ ھتدیا بالھادی لمن شئت ھدایتہ انت الھادی من استھدیتہ یا

من سترہ عم جمیع الجہات والتعطیلات والحوادث والتغیرات و
التطیر والفتور والانقسام والعدد قل ھو اللہ احد یا واحد یا
احد نی و یمومیۃ ملیکہ القدیم من غیر تحول ولا تجسم اللھم
انی اسالک یا واو الوحدانیۃ والراحدیۃ والالف المعطوف الذی
ھو النشاۃ الدوریۃ وبجاء الحیاۃ الازلیۃ وبدال الدوام الابدیۃ
علی غیر حصر وقت وعدد ولا صاحبۃ ولا ولد انت اللہ الواحد
الاحد الصمد اللھم اجعلنی احدا من الاحاد وفردا من الافراد
ومدنی نیشاۃ من نشاۃ الرحمانیۃ الالف المعطوف حتی اخوض
بعوض ذلک فی بحار المقربین فی الافراد واحیی نفسی بنفحۃ
حکمیۃ من نفحاتک وروحانیۃ ممدۃ لی بعظیم الامداد
حتی اکون راجیا من السعادۃ والارشاد ووجیھا بین عبادک الی
یوم المعاد اللھم انی اسالک بصادق الصدق والصبر وبعلیم
الملک والمجد وبیاء الیقظۃ والیقین ان تجعلنی صادقا صدوقا
مالکا مجیدا ممجدا بالیقظۃ مقتدرا بالیقین ممدودا من عظیم
کرمک ویصدق من ملائکتک استعین بہ علی صلاح امور
الدنیویۃ والاخرویۃ واجعل لی عونا ذلک من غیر عائق یعوقنی
الی الاتحاد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد اللھم اکفنی
بکافی ھدایتک حتی لا التجی الا احد مخلوقاتک ونورنی بنور
نورانیۃ ذاتک حتی افوض بقاء الفوزۃ والنجاۃ بین عبادک
المقربین انک علی کل شی قدیر وبالاجابۃ جدیر کو چالیس
مرتبہ پڑھے بعد از فراغ قراۃ اس سورہ کا خادم حاضر ہوگا سلام کرے گا

اوس سے خائف نہ ہونا چاہیئے سلام کا جواب دیوے قاری جس چیز کی خواہش کریگا وہ خادم اوس خواہش کو پورا فرماویگا لیکن اکل حلال وصدق مقال و پابندی نماز باجماعت ضرور ہے بلکہ کل دعوات مین پابندی نماز باجماعت واتباع شریعت واکل حلال وصدق مقال وخلوص ضرور ہے بغیر اسکے کچھ بھی اثر مترتب ہوگا نقصان کا خوف ہے۔ **فائدہ** جو شخص سورۂ پاک کو بعد مغرب کے بغیر فصل کلام دنیاوی کے ایک وضو سے ایک جلسہ مین ہزار مرتبہ روز پڑھنے پر مداومت کریگا اللہ تعالی اوسکو ہر شر سے محفوظ رکھے گا اور ہر خیر کی اوسکو توفیق عطا فرمائیگا اگر حرارت غالب ہو جائے تو درود کی کثرت کرے بہت مفید ہے فقیر اول وآخر پانچ یا پچسوبار درود پڑھتا ہے پھر ہزار بار سورۂ پاک پڑھتا ہے۔ **فائدہ**۔ اگر سورۂ پاک کو مع بسملہ کے مٹی کے پاک برتن پر سات بار لکھکر مریض کو پلاویگا مریض سوائے مرض الموت کے کل امراض سے شفا پاوے گا مرض الموت مین بھی تخفیف ضرور ہو جائیگی لیکن کاتب ابرار و صلحا سے ہونا چاہیئے۔ **فائدہ**۔ جو نقش مندرجہ ذیل کو لکھکر اپنے پاس رکھے گا اوسکو قوت و نصرت و فتوحات غیبی حاصل ہون گے ہمیشہ بلیات و فتن سے امن وامان مین رہے گا اگر مریض کو پلاویگا تو اللہ تعالے اوسکو بھی اگر موت نہین آئی ہے صحت عطا فرماویگا والا صرف مرض مین خفت ہو جائیگی۔ وہ نقش یہ ہے۔



مقصد اونیسوان معوذتین کے بیانمین

فائدہ - اگر کسی کے دل مین وسواس نفسانی یا خطرات شیطانی آتے ہون اوسکو چاہیئے کہ ہر روز معوذتین کو سو سو بار پڑہا کرے اور اگر ہزار بار روز پڑہے گا تو بہت کچھ فوائد حاصل ہون گے فائدہ - اگر کوئی شخص مریض یا مسحور ہر سات دن تک ہر روز معوذتین کو اکتالیس بار پڑہکر دم کریگا اللہ تعالے اپنے فضل و کرم سے صحت عطا فرمائیگا -

مقصد بیسوان لا الہ الا انت سبحانک کے فوائد مین

فائدہ - رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مضطر کو چاہیئے کہ احسن وضو کرکے دو رکعتین پڑھکر سجدہ کرے اوس سجدہ مین آیہ پاک کو ظالمین تک چالیس بار پڑہکر اللہ تعالے سے اپنی حاجت طلب کرے اللہ تعالے اوسکی حاجت کو پورا فرمادیگا اور دعا مستجاب فرمائیگا - فائدہ - جو شخص اضطرار کی حالت مین آیہ پاک وذاالنون اذذھب مغاضبا سے ظالمین تک روز بعد صبح کی نماز کے چالیس دن تک چالیس مرتبہ پڑہتا رہے گا اللہ تعالے اوسکے اضطرار کو دفع فرماویگا فائدہ - جو شخص آیہ پاک کو ظالمین تک روز صبح کی نماز کے بعد ہزار بار پڑہتا رہے گا اوسکی سب مشکلین آسان ہونگی رزق مین کشادگی ہوگی ہر قسم کے ضرر سے مامون ہو جائیگا شیطان کے شر سے اور سلطان کے غضب سے نجات پاویگا اپنے محبوب کے پاس محبوب اور دشمن کی نگاہ مین باہیبت ہوگا اوپر خیر کے دروازہ کھولدیے جائین گے اور اگر تجی المومنین تک پڑہے گا اللہ تعالے اوسکے قلب کو بھی منور فرمادیگا مجرب و آزمودہ ہے واللہ اعلم بالصواب -

مقصد اکیسوان سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر کے بیان مین

